दिल और मुहब्बत

دل اور محبت

ادا کاران

جے مکرجی

شرمیلا ٹیگور

جانی واکر

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

گانا نمبر ۱ — دل اور محبت ظلم کے

اُف یہ بیقرار دل کہاں نشانہ تو چھوڑے
کہ نگاہ چور سے جی
نام کس کا لیجئے
نظر نظر سے مل گئی زباں سے اُف نکل گئی
چلے جو دل کو تھام کر
تو آرزو مچل گئی
یہ کون جادو کر گیا یہ دل گیا جگر گیا
ہم آئے تھے علاج کو
کہ درد اور بڑھ گیا
ہم اپنے دل کو روک لیں ہماری کیا مجال ہے
کسی کو کیا بتائیں ہم
جو آج دل کا حال ہے
رات ہے شباب پر نظر لگی ہے آپ پر
کریں گے دل کا فیصلہ
ہم آپ کے جواب پر

جبھی تیکھی نگاہ نے کھائے چال ستم کا
چھپتے چھپتے کر لیا
زیادہ قتل عام کا
ہائے کیا اندھیر ہے کہ قسمتوں کا پھیر ہے
اب ہمارے قتل میں جی
کہیئے کتنی دیر ہے

گانا نمبر ۱ - آنکھوں کی تلاشی دے دے
میرے دل کی ہو گئی چوری
کالی کالی زلفوں سے مجھے
پہلے ہی تھا کھٹکا
جب زلف تیری لہرائی
میرے دل کو لگا ایک جھٹکا
دھڑکن تو ستو میرے دل کی
دل زلفوں میں ہے اٹکا
رنگ جو ہے تیرے ہونٹوں کا
اس رنگ کا میرا دل ہے
معلوم نہیں ہے کیا تجھ کو
تو ہی تو میرا قاتل ہے
آنکھیں نہ چرا تو مجھ سے ہو

تیرے دل میں ہی میرا دل ہے
ذرا دل کی تلاشی دے دے
میرے دل کی ہو گئی چوری

گانا نمبر ۳! کہاں سے لائی ہو جانِ من
یہ کتنا پیارا چہرا
گلابی آنکھیں کبھی بھی ہیں کا نشہ نہ اترے
یہی تو ہیں وہ شرابی آنکھیں
کہاں سے لائی ....
یہی وہ آنکھیں ہیں جیسے موتی
چمک رہے ہیں سمندروں میں
یہی وہ چہرا ہے جیسے
جیسے بہاری بھی مندروں میں
چمن میں آ کر تی ہے روز شبنم
کلی کلی سے تمہاری باتیں
نظر یہ کہتی ہے تم سے مل کر
کبھی نہ تم سے نظر ہٹاؤں
تمہاری صورت ہی سامنے ہو
تمہی کو بس دیکھتا جاؤں
یوں ہی گذاروں میں زندگی کے

تمام دن اور تمام راتیں

گانا نمبر ۲:۔ ہاتھ آیا جب سے تیرا ہاتھ میں
آگیا ہے پیار رنگ جذبات میں
میں کہاں ہوں مجھے یہ خبر ہی نہیں
تیرے قدموں پہ ہی گر نہ جاؤں کہیں
دل میں نظر دل سے چھپ چھپ
کے آیا ہے تو
دل میرا جیرا مسکرایا ہے تو
تو کہے تو میں ایک بات تجھ سے کہوں
میرا ساتھی نہیں جگ سارا ہے تو
انگلیاں جب زمانے کی مجھ پہ اٹھیں
کھو نہ جانا کہیں ایسے حالات میں
روشنی زندگی میں محبت سے ہے
ورنہ رکھا ہے کیا چاندنی رات میں
دل کے جذبات کو میں نہ ٹھکراؤں گا
بلکہ تصویر جذبات بن جاؤں گا
حق محبت کا کیسے ہوتا ہے ادا
وقت آیا تو میں یہ بھی دکھلاؤں گا
پیار کے دیوتا کے قدم چوم کر

زندگی نذر کر دوں گی سنو ساتھ ہیں
اب نہ گھبراؤ منزل کی دوری سے تم
تم اکیلے نہیں ہم بھی تمہارے ساتھ ہیں

گانا نمبر ۵:- انکی وجہ سے سارے زمانے سے نرالے ہیں
یہ عاشق کون سی بستی
کے یارب رہنے والے ہیں
بھلا پھولا رہے یارب
چمن میری امیدوں کا
جگر کا خون دے دے کر یہ بوٹے میں نے پالے ہیں
بڑے خوبصورت بڑے حسین
ملا جس پہ دل تم وہی تو نہیں
کسی کی محبت کے مارے ہوئے
چلے آئے دامن پسارے ہوئے
ملیں گے مرادوں کے موتی یہیں
کسے ڈھونڈتی ہے تمہاری نظر
چھپانے سے کیوں ہم سے زخم جگر
نیا دو یہاں کوئی دشمن نہیں

ختم شد

عملیات تسخیر عالم

اس سلسلے کی یہ وہ لاثانی کتاب ہے جس کی تعریف احاطہ تحریر میں نہیں آسکتی۔ ایک دو نہیں سینکڑوں عملیات ہیں۔ اور ایک سے ایک لاجواب فاضل مصنف نے پیروں فقیروں اور باعمل عالموں کے صدری اور اسراری عملیات بالجمل اس کتاب میں درج کر دیئے ہیں۔

قیمت صرف ۱۸/ ۱ علاوہ ڈاک خرچ

عشرت شباب

یہ لاجواب کتاب دہلی کے مشہور حکیم جناب حافظ محمد اجمل خاں صاحب کے والد بزرگوار محمود خاں صاحب نے نوجوانوں پر رحم فرما کر تصنیف کی ہے۔ مستورات کے بارے میں قیمتی معلومات درج ہیں۔

قیمت صرف ۔ا۔ا علاوہ ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی